SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1973
سندھ (کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳
THE SINDH (KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY ORDER, 1957 AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۵۷ کے پی او آرڈر نمبر ۵ کے آرٹیکلس ۵ اور ٦ کی ترمیم
Amendment of Articles 5 and 6 of P.O Order No.5 of 1957

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1973
سندھ (کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE SINDH (KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY ORDER, 1957 AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

[۱۵ مارچ ۱۹۷۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ (کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۵۷ کے پی او آرڈر نمبر ۵ کے آرٹیکلس ۵ اور ٦ کی ترمیم

Amendment of Articles 5 and 6 of P.O Order No.5 of 1957

۲۔کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ میں مندرجہ ذیل ترامیم کی جائیں گی:

(i)کے ڈی اے آرڈر کے آرٹیکل ۵ کی شق (۳) کو ختم کیا جائے گا۔

(ii)آرٹیکل ٦ کی شق (۱) میں، الفاظ "دی" اور "ڈائریکٹر جنرل" کے درمیاں الفاظ "چیئرمین اینڈ دی" شامل کیئے جائیں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔